وترکی تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ پڑھ کے بھولے سے رکوع کر لیا، تو حکم ہے

مجیب: ابو الحسن جمیل احمد غوری العطاری

فتوی نمبر: Web-490

تاریخ اجراء: 04صفر المظفر1444ھ/01ستمبر2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

وترکی تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ پڑھ کے بھولے سے رکوع کر لیا، تو حکم ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

وترکی تیسری رکعت میں بھی مطلقاً قراءت کرنا فرض ہے جبکہ مکمل سورۂ فاتحہ کے بعد سورت ملانا یا قرآنِ پاک کی ایک بڑی آیت جو تین چھوٹی آیتوں کے برابر ہو یا تین چھوٹی آیتیں پڑھنا، نیز دعائے قنوت پڑھنا واجب ہے۔ سورت ملانا بھول گیا اور اسی رکعت کے رکوع میں یا رکوع کے بعد سجدے میں پہنچنے سے پہلے یاد آگیا، تو واجب ہے کہ قیام کی طرف لوٹے اور سورت ملا کر دعائے قنوت پڑھنے کے بعد دوبارہ رکوع کرے، پھر نماز کے آخر میں سجدۂ سہو کرے، اگر دوبارہ رکوع نہ کیا تو نماز نہیں ہو گی اور اگر سجدے سے پہلے یاد آنے کے باوجود سورت کے لیے نہ لوٹا، تو قصداً ترکِ واجب لازم آنے کی وجہ سے گناہگار ہو گا اور توبہ کرنے کے ساتھ ساتھ اس نماز کا اعادہ واجب ہو گا یعنی وہ نماز دوبارہ بھی پڑھنی ہو گی۔ ہاں اگر سجدے میں پہنچ جانے کے بعد یاد آئے کہ سورت نہیں ملائی، تو اب نہیں لوٹ سکتا، بلکہ نماز کے آخر میں سجدۂ سہو کرنا ہو گا۔

بہارِ شریعت میں ہے:"سورت ملانا بھول گیا، رکوع میں یاد آیا تو کھڑا ہو جائے اور سورت ملائے پھر رکوع کرے اور اخیر میں سجدۂ سہو کرے اگر دوبارہ رکوع نہ کرے گا، تو نماز نہ ہو گی۔" (بہارِ شریعت، جلد1، صفحہ545، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

سیدی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فتاویٰ رضویہ میں ارشاد فرماتے ہیں:"اگر سجدہ کو جانے سے پہلے رکوع میں خواہ قومہ بعد الرکوع میں یاد آجائیں تو واجب ہے کہ قراءت پوری کرے اور رکوع کا پھر اعادہ کرے

اگر قراءت پوری نہ کی تواب پھر قصداً ترک واجب ہو گا اور نماز کا اعادہ کرنا پڑے گا اور اگر قراءت بعد الرکوع پوری کرلی اور رکوع دوبارہ نہ کیا تو نماز ہی جاتی رہی کہ فرض ترک ہوا۔"(فتاویٰ رضویہ، جلد6، صفحہ330، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

ایک اور مقام پر ارشاد فرماتے ہیں: "جو سورت ملانا بھول گیا اگر اسے رکوع میں یاد آیا تو فوراً کھڑے ہو کر سورت پڑھے پھر رکوع دوبارہ کرے پھر نماز تمام کرے اور اگر رکوع کے بعد سجدہ میں یاد آیا تو صرف اخیر میں سجدہ سہو کرلے نماز ہو جائے گی اور پھیرنی نہ ہو گی۔"(فتاوی رضویہ، جلد8، صفحہ196، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net